© rasailojaraid.com



ناشر : حجاز پبلی کیشنز لاہور داتا دربار مارکیٹ طبع سوم ۲۰۰۹ء

قیمت وصفحات : ۴۰۰صفحات/۲۰۰ روپے

جناب حافظ سعد اللہ صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں، آپ متعدد کتب سیرت طیبہ ﷺ کے حوالہ سے شائع ہو چکی ہیں اور سیرت النبی ﷺ ایوارڈ حاصل کر چکی ہیں۔ آپ ﷺ سے محبت اور اعتدال کے ساتھ فکر صالح کا فروغ آپ ﷺ کی زندگی کا محور ہے۔

لائبریرین ہونے کے تعلق سے موصوف سے میرا تعارف بہت پرانہ ہے، اسی محبت کی تجدید کتب ومجلات کے تبادلہ سے ہوتی رہتی ہے، موصوف کی مذکورہ کتاب ایک مقدمہ اور پانچ ابواب پر مشتمل ہے، مقدمہ: حب رسول ﷺ کی ضرورت اور عملی تقاضے، باب اول: عقیدت و محبت رسول، باب دوم: دفاع وحفاظت رسول ﷺ، باب سوم: اطاعت و اتباع رسول، باب چہارم: تعظیم وتوقیر رسول ﷺ، باب پنجم تبرک رسول ﷺ پر مشتمل ہے۔

محبت کے تمام زاویوں کو حسن ترتیب سے باحوالہ جمع کیا گیا ہے، مقدمہ میں حب رسول ﷺ کی دینی، عقلی شرعی ضرورت اور تقاضوں کو بیان کیا گیا ہے، پھر ہر باب کو چار تا چھ فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔

ہر عاشق رسول ﷺ کو یہ کتاب لازماً مطالعہ کرنا چاہئے تاکہ انہیں معلوم ہو عشق و محبت کی تکمیل دعوؤں سے نہیں اتباع سے ہوتی ہے اور اتباع کے اسلوب وہی صحیح قرار پائیں گے جنہیں صحابہ کرامؓ نے اختیار کیا ہے۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ اس قابل قدر خدمت پر مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے (امین)

کتاب : رؤیت ھلال کمیٹی اکابر علماء کرامی کی نظر میں

مصنف : مفتی نعمت اللہ حقانی

ناشر : دارالافتاء جامعہ انجمن تعلیم القرآن پراچہ ٹاؤن پنڈی کوھاٹ

قیمت وصفحات : ۴۸ صفحات قیمت درج نہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کتابچہ میں ثبوت ھلال کے طریقے، اختلاف مطالع، ریڈیو کی خبر رؤیت، مرکزی رؤیت ھلال کمیٹی کی متنازعہ کارکردگی اور دارالعلوم کورنگی کے فتاویٰ دارالعلوم نصرت العلوم کے فتاویٰ، داالافتاء جامعہ فاروقیہ، مفتی محمودالحسن گنگوھی کی آراء کو پیش کیا گیا۔
مفتی صاحب نے مختصر انداز میں اھل علم کی رہنمائی کے لئے یہ کتابچہ مرتب فرمایا ہے۔

کتاب : رؤیت ھلال سائنسی اور فقہی تحقیق کی روشنی میں

مصنف : مفتی ابوالحسن عظمت اللہ سعدی

ناشر : ادارہ تحقیقات اسلامیہ جامعہ عظمت المدارس العربیہ
جدید ھنجل قباء مسجد نزد ترنگ قبرستان بنوں سٹی

قیمت وصفحات : ۱۱۰ صفحات، ۶۰ روپے

مفتی صاحب جامعہ المرکز الاسلام سے طویل عرصہ وابستہ رہے اور المباحث الاسلامیہ کے مدیر مسؤل کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے۔ آپ متعدد کتب کے بھی مصنف ہیں، قارئین مجلّہ پچھلے شماروں میں موصوف کی کتب پر تبصرے ملاحظہ فرما چکے ہیں۔
رؤیت ھلال پر یہ مختصر اور جامع کتاب ہے جس پر چیف ایڈیٹر کے ساتھ دیگر مفتیان کرام کی تصدیقی تقاریظ موجود ہیں۔
کتاب میں رؤیت کے اصول، ثبوت رؤیت، اختلاف رؤیت کے دس اسباب، شرائط رؤیت، ٹیلی فون، ریڈیو کے ذریعہ رؤیت کا اعلان موجودہ رؤیت ھلال کمیٹی کی شرعی حیثیت، ماہرین فلکیات اور سعودی عرب و افغانستان کی رؤیت سے بحث موجود ہے، اہم مباحث کتاب کا حصہ ہیں، آخر میں مصدر و مأخذ کی نشاندہی کی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com